PROVISIONAL ANSWER KEY
NAME OF THE POST :
Assistant Professor in Urdu, Class-II (AFH)
Advt No. :72/2016-17
Date of Preliminary Test : 5/2/2017
Subject : Concerned Subject ( 101 to 300 )

**.101** ’’برصغیر کی ساری زبانیں اپ بھرنش کے بچے ہیں ‘‘ کس ماہر لسانیات نے کہا ہے؟

(A) سینتی کمار چڑجی (B) ڈاکٹر گریرسن
(C) ہیم چندر (D) ڈاکٹر گلکریسٹ

**.102** اردو زبان کی تشکیل و ترویج کے سلسلہ میں کس بادشاہ کے حملہ کو اہمیت حاصل ہے؟

(A) محمود غزنوی (B) محمد غوری
(C) محمد بن قاسم (D) ابراہیم غزنوی

**.103** راتری کس زبان کا اصل لفظ ہے، جسے اردو میں رات کی حیثیت سے قبول کیا گیا؟

(A) عربی (B) فارسی
(C) ترکی (D) سنسکرت

**.104** ہندوستان کے کس سنت نے غریب نواز کا تلفظ گریب نواج سے کیا؟

(A) سنت کبیر (B) گرونانک
(C) رام داس (D) سنت ایکناتھ

**.105** قصیدہ درلغات ہندی کس شاعر نے ہمایوں کے دور میں لکھا؟

(A) شیخ جمالی (B) حکیم یوسفی
(C) اجئے چند (D) فیضی

**.106** عہد عالمگیر کے کس بزرگ نے لغت’’غرائب اللغات‘‘ تحریر کی؟

(A) سراج الدین خاں آرزو (B) مولانا شیخ عبداللہ انصاری
(C) مولانا ناصر علی (D) عبدالواسع ہانسوی

**.107** عادل شاہی دور کے ملک الشعراء کا نام کیا تھا؟

(A) ملانصرتی (B) کمال خاں رستمی
(C) ملا خیالی (D) حسن شوقی

**.108** قطب شاہی دور کے نامور ملک الشعراء کا نام تحریر کیجئے، جس نے نثر اور شاعری میں کمال حاصل کیا؟

(A) غواصی (B) ملا وجہی
(C) فیروز (D) محمود

**.109** اردو کی سب سے پہلی نثری داستان کا نام کیا ہے؟

(A) قطب مشتری (B) طوطی نامہ
(C) سب رس (D) پرت نامہ

**.110** اشرف کی مثنوی ''نوسرہار'' میں کس کے حالات اور مصائب کا ذکر موجود ہے؟

(A) بادشاہ وقت (B) احمد نظام شاہ
(C) ابراہیم عادل شاہ (D) حضرت امام حسینؓ

**.111** نظیر اکبر آبادی کی طرح متنوع موضوعات پر دکنی میں نظم لکھنے والے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) سلطان محمد قلی قطب شاہ (B) عبداللہ قطب شاہ
(C) سلطان ابو الحسن تانا شاہ (D) جمشید قلی قطب شاہ

**.112** دکن میں سب سے پہلے لکھی جانے والی داستان کا نام کیا ہے؟

(A) معراج العاشقین (B) کلمات الحقائق
(C) شکار نامہ (D) میلاد نامہ

**.113** دکنی کی مثنوی ''پنچھی باچھا'' کس شاعر کی تحریر کردہ ہے؟

(A) قاضی محمود بحری (B) وجہی الدین وجدی

(C) ملا ضعیفی (D) شاہ مظفر

**.114** ولی اورنگ آبادی نے کس شہر کی تعریف میں مثنوی تحریر کی ہے؟

(A) اورنگ آباد (B) حیدرآباد

(C) گجرات (D) شہر سورت

**.115** دکن سے دہلی سفر کرنے کے بعد ولی اورنگ آبادی نے دہلی کے کس بزرگ سے ملاقات کی؟

(A) سید ابو المعالی (B) سعد اللہ خاں گلشن

(C) مزرا مظہر جان جاناں (D) خواجہ میر درد

**.116** دہلی کے کونسے شاعر نے ولی کے کلام سے متاثر ہوکر ''دیوان زادۂ حاتم'' تحریر کیا؟

(A) شاہ مبارک آبرو (B) شاکر ناجی

(C) مظہر جان جاناں (D) شاہ حاتم

**.117** اردو کا تعلق کھڑی بولی سے ہونے کا ثبوت کس ماہر لسانیات نے پیش کیا؟

(A) محمد حسین آزاد (B) حافظ محمود شیرانی

(C) ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ (D) ڈاکٹر مسعود حسین خاں

**.118** کس کتاب میں یہ نظریہ پیش کیا گیا ہے کہ اردو کا تعلق برج بھاشا سے ہے؟

(A) پنجاب میں اردو (B) ہندوستانی لسانیات

(C) آب حیات (D) لسانی جائزے

**.119** اردو کے آغاز کے نظریے پر کس محقق نے اعتراض کیا ہے؟

(A) سید سلیمان ندوی (B) محمد حسین آزاد
(C) پروفیسر گیان چند جین (D) پروفیسر مسعود حسین خاں

**.120** ہندوستان کی آبادی سب سے پہلے کس علاقے میں آباد تھی؟

(A) وادیٔ سندھ (B) وادیٔ پنجاب
(C) دوابۂ گنگ و جمن (D) وادی نینوا

**.121** اردو کی اولین مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' کو کس نے مرتب کرکے شائع کیا؟

(A) پروفیسر عبدالقادر سروری (B) حکیم سید شمس اللہ قادری
(C) ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور (D) ڈاکٹر جمیل جالبی

**.122** قدیم ہند ۔آریائی دور کو قبل مسیح کے کس عہد کی یادگار کا درجہ حاصل ہے؟

(A) 2000 قبل مسیح تا 1000 قبل مسیح
(B) 1500 قبل مسیح تا 500 قبل مسیح
(C) 500 قبل مسیح تا 1000 قبل مسیح
(D) 500 عیسوی تا 1500 عیسوی

**.123** جنوبی ہند کے چار اہم خطے دیوگری، تلنگانہ، کرناٹک اور معبر تھے۔ اس کا اظہار کس محقق نے کیا ہے؟

(A) گیان چند جین (B) سیدہ جعفر
(C) ڈاکٹر زور (D) ڈاکٹر مسعود حسین خاں

**.124** مغربی ہند ی کی پانچ بولیوں میں کون سی بولی شامل نہیں ہے۔

(A) ہریانی (B) برج
(C) قنوجی (D) سہارنپوری

**.125** ڈاکٹر مسعود حسین خاں نے کھڑی بولی کو جن دو حصوں میں تقسیم کیا ہے وہ کون سے علاقے ہیں؟

(A) دوابہٴ گنگ و جمن کے اضلاع (B) مشرقی اضلاع
(C) مغربی اضلاع (D) شمالی اضلاع

**.126** اورنگ زیب نے دکن میں کتنے صوبوں کو شامل کرکے اسے دکنی علاقہ قرار دیا؟

(A) نو (B) چھ
(C) دس (D) بارہ

**.127** ہارون خاں شروانی کے مطابق دکن میں دو تمدنوں کا اتصال کس دور میں ہوا؟

(A) علاؤ الدین خلجی (B) محمد بن تغلق
(C) بہمنی سلطنت (D) چالوکیہ سلطنت

**.128** علاؤ الدین خلجی کے دیو گری پر حملہ کے وقت جنوب میں کون سا خاندان حکمران تھا؟

(A) موریا خاندان (B) وردھن خاندان
(C) چانکیہ خاندان (D) کاکتیہ خاندان

**.129** بہمنی بادشاہوں نے اپنے دور اقتدار میں سب سے زیادہ کس صنعت کو فروغ دیا؟

(A) پارچہ بافی (B) تجارت
(C) طرز تعمیر (D) دستکاری

**.130** عادل شاہی دور میں فن موسیقی پر لکھی ہوئی کتاب کا نام کیا ہے؟

(A) ابراہیم نامہ (B) نورس نامہ
(C) شاہی نامہ (D) خاور نامہ

**131.** دکن کے اہم شاعروں میں حضرت بہاء الدین باجن کا تعلق کس علاقے سے ہے؟

(A) گولکنڈہ (B) بیجاپور
(C) احمدآباد (D) گجرات

**132.** اردو میں کس شاعر کو پہلے ہجو نگار اور شہر آشوب کے تخلیق کار کا درجہ حاصل ہے؟

(A) قائم چاند پوری (B) میر جعفر زرٹلی
(C) شیخ شرف الدین مضمون (D) صدر الدین محمد خاں فائز دہلوی

**133.** مرزا مظہر جان جاناں کو اردو ادب میں کس وجہ سے اہمیت حاصل ہے؟

(A) مصلح و مجدد (B) ماہر لسانیات
(C) مذاق سخن کے علمبردار (D) نظریہ شعر کے موجد

**134.** سوداؔ نے مختلف اصناف سخن میں طبع آزمائی کی ، لیکن وہ مزاجاً قصیدہ کے شاعر تھے؟یہ فقرہ کس نے کہا ہے؟

(A) گیان چند جین (B) سیدہ جعفر
(C) ڈاکٹر اُم ہانی اشرف (D) مسیح الزماں

**135.** خواجہ میر دردؔ کی اردو شاعری کس طرز کی نمائندگی کرتی ہے؟

(A) درویشی (B) فقر و فاقہ
(C) تصوف (D) نفس کشی

**136.** میر تقی میر نے کس شاعر کے مشورے پر عشق پرستی اختیار کی ؟

(A) سراج الدین خان آرزو (B) قائم الدین قائم چاند پوری
(C) مرزا مظہر جان جاناں (D) شاہ حاتم

**137.** دہلی میں کس شاعر کے زمانے میںسیاسی انتشار ،زندگی کی تباہی اور تہذیب کاشیزارہ بکھر چکا تھا؟

(A) میر تقی میر (B) شاہ حاتم
(C) قائم چاند پوری (D) مرزا مظہر جان جاناں

**138.** اردو کا پہلا تذکرہ ''نکات الشعراء'' کس شاعر نے تحریر کیا ہے؟

(A) مرزا غالبؔ (B) اسد علی خاں تمنا
(C) لچھمی نرائن شفیق (D) میر تقی میرؔ

**139.** میر کی غزل کو کون سے رس کی شاعری کا نام دیا گیا ہے؟

(A) کتھا رس (B) روپ رس
(C) شرنگھار رس (D) پنگل رس

**140.** فورٹ ولیم کالج کا قیام کون سے سن میں عمل میں آیا؟

(A) 1798ء (B) 1799ء
(C) 1800ء (D) 1801ء

**141.** ڈاکٹر گلکریسٹ پیشے سے ڈاکٹر تھے ، لیکن انہوں نے 1797ء میں کون سا اہم کارنامہ انجام دیا؟

(A) ہندوستانی لغت کی تیاری
(B) ہندوستانی زبان کے قواعد کی تیاری
(C) مجلس منتخبہ کا انتخاب
(D) دہ مجلس کی تیاری

**142.** فورٹ ولیم کالج کی نثر سے قبل شمالی ہند میں سب سے مشہور داستان کون سی لکھی گئی تھی؟

(A) عجائب القصص (B) نو آئین ہندی
(C) جذبۂ عشق (D) نو طرز مرصع

**.143** فورٹ ولیم کالج کے قیام کا اہم مقصد کیا تھا؟

(A) برطانوی حکومت کی بنیاد استوار کرنا
(B) انگلستانی نوجوان سیول افسروں کو ہندوستانی زبانیں سکھانا
(C) گورنر جنرل کی کونسل کے لئے آئین و ضوابط مرتب کرنا
(D) جونیر سیول سرونٹ کی تربیت کرنا

**.144** فورٹ ولیم کالج کے سب سے مشہور مترجم کی حیثیت سے کس منشی کا نام شہرت کا حامل ہے؟

(A) میر بہادر علی حسینی (B) مظہر علی خاں ولا
(C) سید حیدر بخش حیدری (D) میر امن

**.145** دکنی داستاں ''سب رس'' کے مرکزی کرداروں کے نام کیا ہیں؟

(A) زلف و خال (B) نظر و غمزہ
(C) حسن و دل (D) وہم و مہر

**.146** فورٹ سینٹ جارج کالج سے قبل سینٹ جارج اسکول کا قیام کس مقصد سے عمل میں آیا تھا؟

(A) منشی فراہم کرنا (B) گماشتے فراہم کرنا
(C) تاجر فراہم کرنا (D) کونسل کے لئے صدر فراہم کرنا

**.147** کمپنی کے اعلیٰ ملازمین کو تربیت دینے کیلئے مدراس میں فورٹ سینٹ جارج کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1802ء (B) 1812ء
(C) 1803ء (D) 1810ء

**.148** فورٹ سینٹ جارج کالج مدراس میں عربی، فارسی، سنسکرت اور تامل کی کتابیں کس زبان میں ترجمہ کی گئیں؟

(A) اردو (B) دکنی
(C) برج بھاشا (D) اودھی

**149.** فورٹ سینٹ جارج کالج سے ترجمہ ہونے والی اہم کتاب کا نام کیا ہے؟

(A) خزینۃ الامثال (B) مجمع الامثال
(C) نفائس کلام (D) وسیط النحو

**150.** کلکتہ اور مدراس کے باہر کے نثر نگاروں میں فقیر محمد خاں گویااورغلام امام شہید کے علاوہ کس کا نام مشہور ہوا؟

(A) رجب علی بیگ سرور (B) غلام غوث بے خبر
(C) منشی شمس الدین (D) منشی مظفر

**151.** رجب علی بیگ سرور نے فسانۂ عجائب میں کس علاقے کی تہذیب کی نمائندگی کی ہے؟

(A) دہلی (B) لکھنؤ
(C) رامپور (D) حیدرآباد

**152.** رجب علی بیگ سرور نے منشی شیو نارائن کی فرمائش پر الف لیلیٰ کا مختصر ترجمہ کس نام سے پیش کیا؟

(A) سرور سلطانی (B) شبستان سرور
(C) شمشیرخوانی (D) فسانۂ عبرت

**153.** فسانۂ عجائب کا پلاٹ کن کرداروں کے داستان عشق کو تفریحی انداز سے پیش کرتا ہے؟

(A) جان عالم اور انجمن آراء (B) جان عالم اور نجم النساء
(C) جان عالم اور وزیر زادی (D) جان عالم اور بادشاہ زادی

**154.** ذوقؔ کے استاد شاہ نصیر نے دلی کی گلیاں چھوڑ کر کس مشہور شہر کا رخ کیا؟

(A) لکھنؤ (B) رام پور
(C) حیدرآباد (D) مرشد آباد

**155.** غالبؔ نے دہلی سے کلکتہ روانہ ہوتے ہوئے کس شہر میں قیام کیا تھا؟

(A) الہٰ آباد (B) بنارس

(C) لکھنؤ (D) حیدرآباد

**156.** انگریزی حکومت کی طرف سے غالبؔ کی گرفتاری کی خبر کس رسالے میں شائع ہوئی تھی؟

(A) سید الاخبار (B) شمس الاخبار

(C) فوائد الناظرین (D) اعظم الاخبار

**157.** 1857ء کے ہنگاموں کے بعد گوشہ نشینی کے دور میں غالبؔ نے کون سی کتاب تحریر کی؟

(A) تاریخ تیموریہ (B) برہان قاطع

(C) مہر نیم روز (D) دستنبو

**158.** غالبؔ کے خطوط کے پہلے شائع شدہ مجموعے کا نام کیا ہے؟

(A) اردوئے معلی (B) عود ہندی

(C) مکاتب غالبؔ (D) دار الانشاء

**159.** غالبؔ کی شاعری میں کون سا صوفیانہ فلسفہ جلوہ گر ہے؟

(A) وحدت الشہود (B) وحدت الوجود

(C) وحدت الکلام (D) وحدت ادیان

**160.** غالب نے اپنی شاعری میں سب سے زیادہ اہمیت کس فکر کو دی ہے؟

(A) غم عشق (B) غم جاناں

(C) غم روزگار (D) غم دوراں

**161.** ذوقؔ کو کون سی شعری صنف میں کمال حاصل ہے اور انہوں نے کس شعری صنف کو فروغ دیا؟

(A) شہر آشوب (B) غزل
(C) قصیدہ (D) رباعی

**162.** ذوقؔ کے مقابلے میں غالبؔ نے اپنے قصیدوں میں کس قسم کی جدید تشبیب کا اضافہ کیا؟

(A) بہاریہ تشبیب (B) ڈرامائی تشبیب
(C) فطری تشبیب (D) پرکشش تشبیب

**163.** کس مدرسے کو ترقی دے کر دہلی کالج کی نشاۃ الثانیہ انجام دی گئی؟

(A) مدرسۃ العلوم (B) مدرسۂ غازی الدین خان
(C) مدرسۂ فیروز جنگ (D) مدرسۂ اشاعت العلوم

**164.** دہلی کالج قائم ہواتو 1825ء میں اس کے پہلے مہتمم کون تھے؟

(A) مسٹر بتروس (B) مسٹر ٹیلر
(C) مسٹر مٹکاف (D) مسٹر ٹٹلر

**165.** دہلی کالج کے توسط سے مضمون نگاری کی بنیاد رکھنے والے نثر نگار کون تھے؟

(A) ماسٹر پیارے لال (B) شمس العلماء ذکا اللہ
(C) ماسٹر رام چندر (D) دیبی پرشاد بشاش

**166.** ماسٹر رام چندر نے یوروپ اور ہندوستان کی کتابوں سے استفادہ کرکے کون سے علوم پر کتابیں لکھیں؟

(A) الجبراء و ریاضی (B) فلسفہ و منطق
(C) ادب اور شاعری (D) اسلام اور عیسائیت

**.167** ماسٹر رام چندر کی ریاضی پر لکھی ہوئی کتاب کا نام کیا ہے؟

(A) اصول جبر و مقابلہ (B) بھوت نہنگ
(C) علوم طبعی (D) اصول علم ہیئت

**.168** ماسٹر رام چندر نے فوائد الناظرین کے علاوہ کون سے دوسرے اہم اخبار کی اشاعت عمل میں لائی؟

(A) نشان ہند (B) واقعات دہلی
(C) محب ہند (D) نور الناظرین

**.169** ہندوستان میں ذہنی بیداری اور تعلیمی شعور کی تحریک کی کن دو مشہور ہندوستانیوں نے بنیاد رکھی؟

(A) شاہ ولی اللہ اور عبداللہ سندھی
(B) شاہ اسمٰعیل شہید اور سید احمد شہید
(C) شاہ محمد اسحاق اور شاہ عبدالغنی
(D) راجہ رام موہن رائے اور سرسید احمد خاں

**.170** مثنوی ''جہادیہ'' کس شاعر نے سید احمد بریلوی کے خیالات سے متاثر ہوکر لکھی؟

(A) مرزا غالب (B) ذوق دہلوی
(C) مومن خاں مومن (D) ظہیر دہلوی

**.171** آریہ سماج اور برہمو سماج کی روشن خیالی کا آغاز کس اردو کے مصلح کے دور میں ہوا؟

(A) محمد قاسم نانوتوی (B) شاہ ولی اللہ دہلوی
(C) رشید گنگوہی (D) سرسید احمد خاں

**172.** 1840ء میں سر سید احمد خاں نے کون سا رسالہ شائع کیا؟

(A) آثار الصنادید (B) جام جم
(C) خطبات احمدیہ (D) اسباب بغاوت ہند

**173** .سرسید احمد خاں نے 1875ء میں تعلیمی سرگرمی کا آغاز کس طرح کیا؟

(A) خطبات احمدیہ لکھ کر
(B) سائنٹفک سوسائٹی قائم کرکے
(C) تہذیب الاخلاق جاری کرکے
(D) مدرسہ العلوم مسلمانان علی گڑھ قائم کرکے

**174.** 1857ء کے غدر کے موقع پر سر سید کی مصروفیات کیا تھیں؟

(A) علمی و ادبی ذوق کا نشوونما
(B) آثار قدیمہ کا معائنہ
(C) بجنور کے مقام پر صدر امین کے عہدے پر فائز
(D) عبرانی زبان کا مطالعہ

**175 .** سرسید احمد خاں نے 1858ء اور 1859ء میں کون سی دو کتابیں لکھیں؟

(A) خطبات احمدیہ اور مسافران لندن
(B) تاریخ فیروز شاہی اور سیرت فریدیہ
(C) تزک جہانگیری اور آئین اکبری
(D) سرکشیٔ ضلع بجنور اور اسباب بغاوت ہند

**176.** قیام انگلستان کے دوران سرسید نے کون سی اہم تصنیف تحریر کی؟

(A) آثار الصنادید (B) خطبات احمدیہ
(C) سیرت فریدیہ (D) آئین اکبری

**177.** سر سید احمد خان نے سائنٹفک سوسائٹی کے ذریعہ کیا کارنامے انجام دیئے؟

(A) سائنس کی تعلیم (B) ذریعہ معاش کا فروغ
(C) مادی ترقی کے ذرائع
(D) انگریزی کتابوں کا اردو میں ترجمہ

**.178** سرسید احمد خان کے مزاج میں مذہب پسندی کے بجائے کون سا جذبہ کارفرما تھا؟

(A) سائنس پسندی (B) ادب پسندی
(C) عقل پسندی (D) مذہب پسندی

**.179** سرسید کے جاری کردہ سب سے مشہور رسالے ''تہذیب الاخلاق'' کا اجراء کب عمل میں آیا؟

(A) 24دسمبر 1870ء (B) 13جنوری 1857ء
(C) 25اگست 1849ء (D) 12فروری 1866ء

**.180** سرسید تحریک سے وابستہ دو اہم اردو کے نامور رفقاء کے نام بتائیے؟

(A) نواب محسن الملک اور وقار الملک
(B) مولوی چراغ علی اور علامہ شبلی نعمانی
(C) ڈپٹی نذیر احمد اور محمد حسین آزاد
(D) مولانا حالی اور شبلی نعمانی

**.181** علامہ شبلی کی سرسید سے ملاقات کون سے سن میں ہوئی؟

(A) 1882ء (B) 1883ء
(C) 1884ء (D) 1885ء

**.182** سر سید کی سفارش پر شبلی نعمانی کو حکومت سے شمس العلماء کا خطاب کس سن میں حاصل ہوا؟

(A) 1892ء (B) 1893ء
(C) 1894ء (D) 1895ء

**.183** شبلی نے سوانح نگاری کی صنف کو کس نئے انداز سے وابستہ کردیا؟

(A) سفر نامہ نگاری (B) تنقید نگاری
(C) سیرت نگاری (D) تحقیق نویسی

**.184** موازنہ انیس و دبیر کو اردو شاعری میں کون سی تنقید کی نمائندہ کتاب تصور کیا جاتا ہے؟

(A) تاثراتی تنقید (B) جمالیاتی تنقید
(C) تقابلی تنقید (D) سائنٹفک تنقید

**.185** ادوھ پنچ کے ایڈیٹر کا نام کیا تھا؟

(A) اکبر الہ آبادی (B) رتن ناتھ سرشار
(C) جوالا پرشاد برق (D) منشی سجاد حسین

**.186** رسالہ ''اودھ پنچ'' نے اپنی صحافت کے ذریعہ کون سا کارنامہ انجام دیا؟

(A) مغرب کی تقلید سے پرہیز (B) سرسید کی حمایت
(C) انگریز حکومت کی تائید (D) عوام کی نمائندگی

**.187** ''اودھ پنچ'' سے وابستہ اردو کے سب سے مشہور شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) سید محمد آزاد (B) منشی جوالا پرشاد برق
(C) اکبر الہ آبادی (D) تربھون ناتھ ہجر

**.188** انجمن پنجاب کا جدید طرحی مشاعرے نظم کے توسط سے کب شروع ہوا؟

(A) 1875ء (B) 1874ء
(C) 1868ء (D) 1872ء

**.189** انجمن پنجاب کو نئے ادبی افکار سے فروغ دینے والے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) آغا محمد باقر (B) محمد حسین آزادؔ
(C) خواجہ الطاف حسین حالیؔ (D) عبدالحلیم شرر

**190.** ڈپٹی نذیر احمد کے کس اخلاقی قصے کو اردو کا پہلا ناول تصور کیا جاتا ہے؟

(A) ابن الوقت (B) مراۃ العروس

(C) بنات النعش (D) توبۃ النصوح

**191.** مراۃ العروس کی تاریخ اشاعت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(A) 1869ء (B) 1870ء

(C) 1871ء (D) 1872ء

**192.** رتن ناتھ سرشار کا ناول فسانۂ آزادکون سے اخبار میں شائع ہوتا تھا؟

(A) اودھ پنچ (B) اودھ اخبار

(C) دبدۂ آصفی (D) اعظم الاخبار

**193.** رتن ناتھ سرشار نے انگریزی ناول کا ترجمہ کس نام سے کیا؟

(A) سیر کوہسار (B) جام سرشار

(C) خدائی فوجدار (D) پدمنی

**194.** سرشار کے ناول ''فسانۂ آزاد'' میں کس تہذیب کے زوال کے آثار دکھائی دیتے ہیں؟

(A) مشرقی تہذیب (B) مغربی تہذیب

(C) لکھنؤی تہذیب (D) ہندوستانی تہذیب

**195.** اندر سبھا لکھنے والے ادیب کا نام کیا ہے؟

(A) آغا حیدر حسن امانت (B) مداری لال

(C) شیخ فیض بخش (D) علی نفیس کانپوری

**196.** ڈرامے کو فروغ دینے میں کون سی کمپنیوں کے کارنامہ کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا؟

(A) تھیڑیکل کمپنی (B) فلم کمپنی
(C) ناٹک کمپنی (D) ڈرامہ کمپنی

**197.** امتیاز علی تاج کو اردو ڈرامہ نگاری کی تاریخ میں کس ڈرامے کی وجہ سے شہرت حاصل ہے؟

(A) شاہ جہاں (B) روشن آراء
(C) انار کلی (D) پرستان

**198.** امتیاز علی تاج نے ڈرامہ ''انار کلی'' کے کرداروں میں کس قسم کی کشمکش کو ڈرامے کا جز بنایا ہے؟

(A) تزکیہ (B) اندرونی کشمکش
(C) بیرونی کشمکش (D) نفسیاتی کشمکش

**199.** ڈرامے کی فنی خصوصیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(A) فنکارانہ بصیرت کا استعمال
(B) منظر اور پس منظر کا انداز
(C) حرکت اور عمل کے پہلوؤں کی نمائندگی
(D) افادیت اور مقصدیت پر توجہ

**200.** عبدالحلیم شرر کے ناول ''فردوس بریں '' کا سب سے اہم کردار کونسا ہے؟

(A) حسین (B) زمرد
(C) شیخ علی وجودی (D) کاظم جنوبی

**201.** راجندر سنگھ بیدی نے ''ایک چادر میلی سی'' کے ذریعہ اردو نثر میں کون سی صنف کا اضافہ کیا ہے؟

(A) ناول (B) افسانہ
(C) ناولٹ (D) ڈرامہ

**202.** ''ہمیں حسن کا معیار بدلنا ہوگا'' جیسا فقرہ منشی پریم چند نے کون سی کانفرنس میں ادا کیا تھا؟

(A) انجمن ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس
(B) رومانوی تحریک کی کانفرنس
(C) علی گڑھ تحریک کی کانفرنس
(D) ہندو مہا سبھا کی کانفرنس

**203.** ترقی پسند تحریک کے توسط سے کس اہم نعرہ کو مقبولیت حاصل ہوئی؟

(A) ادب برائے ادب
(B) ادب برائے زندگی
(C) ادب برائے مقصد
(D) ادب برائے مذہب

**204.** قرۃ العین حیدر کے کس ناول میں شعور کے رو کی تکنیک کارگر اور موثر ثابت ہوئی؟

(A) گردش رنگ چمن
(B) آگ کا دریا
(C) میرے بھی صنم خانے
(D) سفینہ ٔ غم دل

**205.** ناول ''آگ کا دریا'' میں کہانی کا آغازہندوستانی تہذیب کی کتنے ہزار سال پہلے سے ہوتا ہے؟

(A) 2000 سال قبل
(B) 2500 سال قبل
(C) 3000 سال قبل
(D) 4000 سال قبل

**206.** ''آگ کا دریا'' ناول کا آغازکس شہر کے دور زریں سے ہوتا ہے؟

(A) بدھ گیا
(B) پاٹلی پتر
(C) الہ آباد
(D) پنجاب

**207.** قرۃ العین حیدر کے کون سے ناول کو فیملی ساگا یا سوانحی ناول کا درجہ حاصل ہے؟

(A) کار جہاں دراز ہے
(B) گردش رنگ چمن
(C) چاندنی بیگم
(D) میرے بھی صنم خانے

**208.** داغ دہلوی نے کس بادشاہ کے عہد میں حیدرآباد میں قیام کیا؟

(A) نواب میر عثمان علی خاں (B) نواب میر نظام علی خاں
(C) نواب میر محبوب علی خاں (D) نواب میر فرخندہ علی خاں

**209.** امیر مینائی کے پہلے دیوان کا نام کیا ہے؟

(A) گوہر انتخاب (B) صنم خانۂ عشق
(C) مراۃ الغیب (D) شعلۂ جوالا

**210.** 1919ء میں حسرت موہانی کو کون سی جماعت کے بانی اراکین میں شامل کیا گیا ؟

(A) کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (B) جمعیتہ العلماء ہند
(C) انڈین نیشنل کانگریس (D) خلافت تحریک

**211.** کس شاعر کی غزلوں میں روٹھنے اور تغافل برتنے کی شکایت کا انداز دکھائی دیتا ہے؟

(A) فراق گورکھپوری (B) مجاز لکھنؤی
(C) حسرت موہانی (D) فانی بدایونی

**212.** حسرت کی کون سی غزل ان کی محبت اور سیرت سے پردے اٹھا دینے کا کام انجام دیتی ہے؟

(A) دیکھنا بھی تو انہیں دور سے دیکھنا کرنا
(B) ازبستۂ ناز یار بہ شکل عتاب تھا
(C) چپکے چپکے رات دن آنسو بہانہ یاد ہے
(D) اب ہمیں بھی کوئی گلہ نہ رہا

**213.** ’’اردوئے معلی ‘‘جیسے رسالہ کا اجراء کون سے شاعر نے علی گڈھ مسلم یونیورسٹی سے انجام دیا؟

(A) مجاز لکھنؤی (B) حسرت موہانی
(C) تسلیم لکھنؤی (D) سلام مچھلی شہری

**.214** فانی بدایونی نے اردو غزل میں غم پرستی اور حزن دوستی کو شاعری کا کون سا انداز بنا دیا؟

(A) صحت مند رجحان (B) فلسفۂ حیات

(C) ترسیلی عمل (D) چونکا دینے والی خصوصیت

**.215** فانی کی شاعری میں موت کو کس لئے اہمیت دی گئی ہے؟

(A) زندگی کے مصائب کا حل (B) نرگسی انا اور خود اذیتی

(C) حسرت و حرماں نصیبی (D) سوز و گداز و درد مندی

**.216** فراق کی غزلوں میں عشق کا جذبہ کس حیثیت سے پیش ہوتا ہے؟

(A) انوکھا طرز ترسیل (B) نئی آواز تخلیق

(C) زندگی کا جلوۂ صد رنگ (D) ہمہ رنگوں کی آمیزش

**.217** عشق کو روحانیت کا درجہ دیتے ہوئے کس شاعر نے یہ مصرعہلکھا ہے؟''عشق توفیق ہے ، گناہ نہیں''

(A) فیض احمد فیض (B) سردار جعفری

(C) فراق کورگھپوری (D) غالب دہلوی

**.218** وہ کون سا شاعر ہے جس کی غزلوں میں عشق ارضی زیادہ ہے اور عشق ماورائی بہت کم ہے؟

(A) داغ دہلوی (B) جگر مرادآبادی

(C) جلیل مانک پوری (D) فانی بدایونی

**.219** کون سے رباعی گو شاعر کے کلام میں اخلاق آموزی اور متصوفانہ نکات کی فراوانی ملتی ہے؟

(A) میر انیس (B) مولانا حالی

(C) امجد حیدرآبادی (D) فراق گورکھپوری

**220.** ترقی پسند تحریک میں کون سے دو ر کے رجحانات کا امتزاج پایا جاتا ہے؟

(A) رومانیت اور جمالیت پسندی
(B) تصوریت اور عینیت پسندی
(C) تخئیل اور وجدان پسندی
(D) حقیقت پسندی اور انقلابی تحریک

**221.** کس تحریک نے اردو شاعری میں آزاد نظم نگاری کو مقبول بنانے کی کوشش کی؟

(A) رومانی تحریک
(B) علی گڈھ تحریک
(C) ترقی پسند تحریک
(D) جدیدیت پسند تحریک

**222.** حلقۂ ارباب ذوق کے وجود میں آنے سے پہلے اس ادارہ کو کس نام سے قائم کیا گیا تھا؟

(A) مجلس علمیہ
(B) مجلس ادب
(C) مجلس داستاں گویاں
(D) علمی مجلس

**223.** حلقۂ ارباب ذوق کے ادیب و شعراء نے کس طریقے کو ناپسند کیا؟

(A) پروپیگنڈہ اور تبلیغ
(B) رومانیت اور فردیت
(C) جنسیت اور ہیئت پرستی
(D) سرگوشی اور خود کلامی

**224.** حیدرآباد پہنچنے کے بعد جوش ملیح آبادی نے کس چیز سے فائدہ پہنچنے کا اعتراف کیا ہے؟

(A) بادشاہ وقت کی میزبانی
(B) دربار پرستی اور دربار داری
(C) مذہب بیزاری اور اشتراکیت
(D) دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کی ملازمت

**.225** جوش ملیح آبادی کی شاعری کی امتیازی خصوصیت کیا ہوسکتی ہے؟

(A) مناظر و مظاہر کو مجسم بنا دینا
(B) جدت فکر اور جدت ادا کی نمائندگی
(C) باغیانہ اور رومانی لہجہ
(D) کلاسیکی رومانیت کا اظہار

**.226** جوش ملیح آبادی نے انقلابی شاعری کے ذریعہ ہندوستان میں کس جذبے کو عام کردیا؟

(A) وطن پرستی اور حریت پسندی
(B) حق پسندی اور جدوجہد
(C) بدیسی سامراج کے خلاف غصہ
(D) طنز اور انقلابیت کی کاٹ

**.227** وہ کون سے شاعر ہیں جنہیں غالب اور اقبال کی طرح فلسفہ طراز شاعر نہیں قرار دیا جاتا؟

(A) جوش ملیح آبادی
(B) علی سردار جعفری
(C) فیض احمد فیض
(D) مخدوم محی الدین

**.228** ترقی پسند شاعروں میں فیض نے اپنے کلام میں کس حقیقت کو بھرپور نمائندگی دی ہے؟

(A) شاعری کے موضوعات میں تبدیلی
(B) جذبے کی لطافت میں اضافہ
(C) شعریت اور ادبی ذکاوت کا اظہار
(D) انسانیت کی فتح کا تصور

**.229** مجروح سلطانپوری نے اپنی غزلوں میں کن خصوصیات کو نمائندگی دی ہے؟

(A) ترقی پسند خیالات
(B) رنگین پیکر تراشی
(C) حقیقت امروز کی ترجمانی
(D) بے پناہ ترسیلی قوتوں کا اظہار

**.230** مجروح سلطانپوری نے روایتی غزل کی پیروی کرتے ہوئے ترقی پسند غزل کو کون سی انفرایت سے وابستہ کیا؟

(A) شاعرانہ مزاج (B) افکار تازہ

(C) اظہار کے پیکر (D) نیا زاویہ نگاہ

**.231** ن-م- راشد کی نظموں پر کس تحریک کے اثرات نمایاں ہوتے ہیں؟

(A) ترقی پسند تحریک (B) رومانیت کی تحریک

(C) علی گڈھ تحریک (D) حلقۂ ارباب ذوق

**.232** لا= انسان کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) میراں جی (B) عظمت اللہ بیگ

(C) ن - م -راشد (D) مخدوم محی الدین

**.233** ن- م- راشد کی نظموں میں کس رویے کی وجہ سے وضاحت اور صفائی کی جگہ پیچیدگی نے لے لی ہے؟

(A) رومانیت (B) حقیقت پسندی

(C) علامت نگاری (D) جذبات نگاری

**.234** میراں جی نے اپنی شاعری کے ذریعہ کس قسم کی نظموں کو تقویت پہنچائی؟

(A) قومی اور وطنی نظم (B) آزاد اور معریٰ نظم

(C) نیچرل اور پابند نظم (D) رومانی اور روایتی نظم

**.235** میراں جی نے اپنی شاعری میں مروجہ اخلاقیات اور معیارات کو نظرانداز کرکے کون سا طریقہ اختیار کیا؟

(A) پرُ فریب اور مصنوعی طریقہ

(B) اختراعی اور مغربی طریقہ

(C) جنسی پہلو اور لاشعوری طریقہ

(D) پیکر تراشی اور نئے تلازمہ کا طریقہ

**236.** میر حسن دہلوی کی مثنوی ''سحر البیان'' میں مرکزی کردار کون کون سے ہیں؟

(A) شہزادہ بے نظیر اور شہزادی بدر منیر
(B) نجم النساء اور ماہ رخ
(C) فلک سیر اور فیروز شاہ
(D) نعمت خاں اور راضی

**237.** مثنوی ''سحر البیان ''میں شہزادے بے نظیر کو کون سی پرَی قید کرلیتی ہے؟

(A) ماہ رخ
(B) لال پری
(C) نیلم پری
(D) سبز پری

**238.** مثنوی ''سحر البیان'' میں کس کے کردار کی وجہ سے کہانی کا عمل آگے بڑھتا ہے؟

(A) شہزادی بدر منیر
(B) شہزادہ بے نظیر
(C) وزیر زادی نجم النساء
(D) ماہ رخ پری

**239.** مثنوی ''سحر البیان'' میں بے نظیر اور بدر منیر کو دوبارہ ملانے کا کام کون انجام دیتی ہے؟

(A) ماہ رخ پری
(B) وزیر زادی نجم النساء
(C) فیروز شاہ
(D) فلک سیر

**240.** مثنوی ''سحر البیان'' کا قصہ اختتامی مرحلے میں کون سا نتیجہ فراہم کرتا ہے؟

(A) المیہ (Tragedy)
(B) طربیہ (Comedy)
(C) الم طربیہ (Tragedic Comedy)
(D) ان میں سے کچھ بھی نہیں

**241.** فضل علی فضلی کی کتاب ''کربل کتھا'' کا موضوع کیا ہے؟

(A) مظلومی کا اظہار
(B) مذہبی فریضہ کی تکمیل
(C) واقعات کربلا کا بیان
(D) سوز یتیمی کا ذکر

**242.** شمالی ہند کی پہلی نثری داستان کی حیثیت سے عیسوی خاں کی کون سی کتاب کو اہمیت حاصل ہے؟

(A) دانش افروز
(B) منطق الطیر
(C) چمنستان برکات
(D) قصہ ٔ مہر افروز و دلبر

**243.** قصہ ٔ مہر افروز ودلبر کو طبع زاد داستاں کا درجہ حاصل ہے یا یہ ترجمہ شدہ قصہ ہے؟

(A) ترجمہ شدہ
(B) طبع زاد
(C) اضافہ شدہ
(D) ترمیم شدہ

**244.** قصہ ٔ مہر افروز ودلبر جیسی داستاں میں تمام کردار کس انداز کے ہیں؟

(A) داستانوی
(B) تمثیلی
(C) دیومالائی
(D) حقیقی

**245.** ''نو طرز مرصع ''میں عطا حسین خاں تحسین نے فارسی سے کس قصے کو عام فہم زبان میں منتقل کیا ہے؟

(A) گل رخ بانو اور محمد شاہ
(B) سمن رخ بانو اور آزر شاہ
(C) گل رخ بانو اور نذر شاہ
(D) شاہ رخ بانو اور مظہر شاہ

**246.** میر امن کی داستاں ''باغ و بہار'' پہلے لکھی گئی یا عطا حسین خاں تحسین کی ''نو طرز مرصع''؟

(A) باغ و بہار
(B) نو طرز مرصع
(C) صاحبان نو آموز
(D) نو آئین ہندی

**247.** عبدالحلیم شرر لکھنؤی کے ناولوں کو اردو میں کس قسم کے ناولوں کی حیثیت سے شہرت حاصل ہے؟

(A) سماجی ناول (B) جاسوسی ناول
(C) تاریخی ناول (D) معاشرتی ناول

**248.** عبدالحلیم شرر نے تاریخی ناولوں میں کس انگریزی ناول نگار کے انداز کو اپنایاہے؟

(A) پیٹر اسکاٹ (B) والٹر اسکاٹ
(C) شرلاک ہومز (D) جیمس اسکاٹ

**249.** اردو میں تنقید کا آغاز کس ادیب کی کتاب کی وجہ سے فروغ پایا؟

(A) مقدمہ شعر و شاعری از :مولانا حالی
(B) شعر العجم از : مولانا شبلی
(C) محاسن کلام غالب از : عبدالرحمن بجنوری
(D) ہماری شاعری از : مسعود حسن رضوی ادیب

**250.** حالی نے اپنے تنقیدی نظریات میں کن شعری اصناف پر تنقید کی ہے؟

(A) نظم ، مرثیہ، رباعی (B) غزل ، مثنوی ، قصیدہ
(C) آزاد نظم ، معریٰ نظم، نثری نظم (D) پیروڈی ، سانیٹ، ترائیلے

**251.** اردو تذکروں میں تنقید کا رجحان کس حیثیت سے نمایاں ہوتا ہے؟

(A) کلام پر اصلاحسے (B) تحریکوں کا جائزہسے
(C) شاعر کی سوانحلکھنے سے (D) شاعر کے کلام کی پیش کشیسے

**252.** نکات شعراء کے مقابلے میں میر حسن کے کون سے تذکرے میں تنقید کے زیادہ پہلو نمایاں ہیں؟

(A) گلشن بے خار (B) تذکرۂ شعرائے اردو
(C) خوش معرکۂ زیبا (D) تذکرۂ ریختہ گویاں

**253.** تذکروں کی تنقیدی اہمیت کس وجہ سے ہے؟

(A) اختصار متن (B) سوانحی اشارات
(C) تنقیدی نقطۂ نظر کا آزادانہ استعمال (D) کلام سے درد مندی

**254.** مشاعروں کی تنقیدی اہمیت کیا ہوتی ہے؟

(A) شعر کی تعریف (B) شعری معنویت کا اظہار
(C) لفظ و محاورے کی تعریف (D) اصلاح کا جذبہ

**255.** مولانا حالی نے شاعری کی تنقید کرتے ہوئے کن اہم ضرورتوں کو شاعری کے لئے ضروری قرار دیاہے؟

(A) اصلیت ، سادگی ، جوش، تفحص الفاظ، مشاہدہ ذات و کائنات
(B) اصلیت، سادگی اور محاکات
(C) اصلیت، جوش اور مشاہدہ ذات و کائنات
(D) اصلیت اور جوش

**256.** مشرقی تنقید سے متاثر نقادوں کی کیا خصوصیت بتائی گئی ہے؟

(A) غور و فکر پر دلالت (B) زبان و بیان پر توجہ
(C) پس منظر کا جائزۃ (D) معنی و بیان کی اصطلاحات کا ذکر

**257.** ادبی پس منظر میں یہ واضح کیجئے کہتحقیق کی ابتداء کس روش سے ہوتی ہے؟

(A) تذکرے (B) انتخاب کلام
(C) تنقید (D) ذہنی صلاحیت

**258.** مولوی عبدالحق کے تحقیقی شعور میں کس قسم کی تنقید جلوہ گر نہ ہوسکی۔

(A) مشرقی تنقید (B) مغربی تنقید
(C) سائنٹفک تنقید (D) تاثراتی تنقید

**.259** مسعود حسن رضوی ادیب نے ہماری شاعری میں تنقید کے کون سے دو رویوں کو پیش کیا ہے؟

(A) نئے رجحانات اور جدید خیالات
(B) تنقیدی شعور اور تنقیدی فکر
(C) تنقیدی نظریات اور انداز تنقید
(D) سخن فہمی اور سخن سنجی

**.260** کون سے ادیب کو مغربی ادب اور مغربی زندگی سے لگاؤ تھا؟

(A) شبلی نعمانی
(B) مولانا حالی
(C) سرسید احمد خاں
(D) ڈپٹی نذیر احمد

**.261** ڈاکٹر عبادت بریلوی نے تنقید میں مغربی رجحان کے علمبردار کی حیثیت کس نقاد کا نام پیش کیا ہے؟

(A) عظمت اللہ خاں
(B) ڈاکٹر عبدالرحمان بجنوری
(C) ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور
(D) عبدالقادر سروری

**.262** ڈاکٹر زور کی کون سی کتاب میں تنقید کی چار قسموں کا ذکر موجود ہے؟

(A) ہندوستانی لسانیات
(B) روح تنقید
(C) نقد الادب
(D) مقدمہ شعر و شاعری

**.263** کسی تخلیق کے مطالعہ کے بعد دل و دماغ پر مرتسم ہونے والے نقوش کو کس قسم کی تنقید میں شمار کیا جاتا ہے؟

(A) سائنٹفک تنقید
(B) تاثراتی تنقید
(C) مارکسی تنقید
(D) جمالیاتی تنقید

**.264** احتشام حسین کے نزدیک تنقید میں تعریف و تشریح سے زیادہ کون سا عمل ہونا چاہئے؟

(A) تخلیق
(B) تصنیف
(C) ترجمانی
(D) تجزیہ

**.265** آل احمد سرور نے تنقید کے ذریعہ کس رویے کی نمائندگی پر توجہ دی؟

(A) مسرت و بصیرت
(B) تدبرو تفکر
(C) ترمیم و توضیح
(D) تلاش و تجزیہ

**.266** ''غزل ایک نیم وحشی صنف سخن ہے''...یہ فقرہ اردو کے کس نقاد نے ادا کیا؟

(A) اختر حسین رائے پوری
(B) کلام الدین احمد
(C) عزیز احمد
(D) سید وقار عظیم

**.267** ملک دکن میں ہندو اور مسلمانوں کی زبانوں سے مل کر ایک نئی زبان بنائی گئی، اسے کون سی زبان کہا جاتا ہے؟

(A) گجری
(B) دکنی
(C) ریختہ
(D) کھڑی بولی

**.268** بہمنی سلطنت کے علاوہ دکن کی پانچ نئی مسلم سلطنتوں کی درباری زبان کیا تھی؟

(A) عربی
(B) فارسی
(C) ترکی
(D) حبشی

**.269** حضرت محمد گیسودراز نے بہمنی دور میں گلبرگہ کا رخ کیا تو کس بادشاہ نے آپ کا استقبال کیا؟

(A) سلطان احمد شاہ بہمنی
(B) سلطان فیروز شاہ بہمنی
(C) سلطان محمود شاہ بہمنی
(D) سلطان علاؤ الدین بہمنی

**.270** معراج العاشقین جیسی کتاب میں کتنے عناصر اور کتنے گن کا ذکر موجود ہے؟

(A) چار عناصر بیس گن
(B) دو عناصر دس گن
(C) پانچ عناصر پچیس گن
(D) تین عناصر پندرہ گن

**.271** شاہ میراں جی شمس العشاق کی پیدائش کس مقام پر ہوئی؟

(A) مدینہ
(B) مکہ
(C) بیجاپور
(D) دکن

**.272** میراں جی شمس العشاق کی مشہور تصنیف ''خوش نغز'' کو حکیم شمس اللہ قادری نے کس نام سے یاد کیا ہے؟

(A) گنج روح
(B) گنج عشق
(C) گنج عقل
(D) گنج عرفاں

**.273** فیروز کی مشہور مثنوی کو کس محقق نے شائع کیا؟

(A) ڈاکٹر نذیر احمد
(B) ڈاکٹر مسعود حسین خاں
(C) ڈاکٹر جمیل جالبی
(D) ڈاکٹر محی الدین قادری زور

**.274** برہان الدین جانم کس کے فرزند اور خلیفہ تھے؟

(A) حضرت امین الدین علی اعلیٰؒ
(B) عین الدین گنج العلمؒ
(C) میراں جی شمس العشاقؒ
(D) شیخ محمود خوش دہاںؒ

**.275** محمد نصرت نصرتی کا بیجاپور میں کب انتقال ہوا؟

(A) اورنگ زیب عالمگیر کے بیجاپور پرحملے سے قبل
(B) سید شاہ عبدالرزاق قادریؒ کے انتقال سے قبل
(C) علی عادل شاہ شاہی کے بادشاہ بننے سے قبل
(D) ابراہیم عادل شاہ کے انتقال کے بعد

**276.** دکنی کی دو مشہور رزمیہ مثنویوں کے نام تحریر کیجئے؟

(A) گلشن عشق اور چندر بدن و ماہیار
(B) علی نامہ اور خاور نامہ
(C) یوسف زلیخا اور قطب مشتری
(D) پھول بن اور طوطی نامہ

**277.** علی نامہ اور خاور نامہ کن شاعروں کی لکھی ہوئی مثنویاں ہیں؟

(A) ملا وجہی اور ملا غواصی
(B) ابن نشاطی اور ہاشمی
(C) محمد نصرت نصرتی اور کمال خاں رستمی
(D) صنعتی اور مقیمی

**278.** منٹو کی شہرت ان کے فنی طور پر کمزور اور جنسی افسانے پر ہوئی۔ اس کا نام کیا ہے؟

(A) ہتک
(B) کالی شلوار
(C) ٹوبہ ٹیک سنگھ
(D) ٹھنڈا گوشت

**279.** مثنوی ''زہر عشق'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) دیا شنکر نسیم
(B) میر حسن دہلوی
(C) شوق لکھنوی
(D) شوق دہلوی

**280.** ''سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل'' کس قصیدے کا مصرعہ ہے اور اس میں کس کی مدح کی گئی ہے؟

(A) مدیح خیر المرسلین، پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ
(B) قصیدہٗ لامیہ ، بادشاہ وقت کی مدح
(C) قصیدۂ بہاریہ ، بہار کی مدح
(D) قصیدہٗ مدحیہ، شیخ وقت کی مدح

**281.** کس شاعر کے خطوط کو اردو نثر کے ارتقائی سفر کا سنگ میل قرار دیا جاتا ہے؟

(A) مولانا حالی کے خطوط (B) کلیات مکاتب اقبال
(C) مکاتب غالب (D) خطوط حالی

**282.** نظم ''گور غریباں'' انگریزی کی کس نظم کا ترجمہ ہے؟

(A) Paradise Loss (B) The Village Church Yard
(C) Lucy Gray (D) The Dawn

**283.** بندر کی تقریر کس داستان کا خصوصی حصہ ہے؟

(A) قصہ مہر افروز و دلبر (B) داستان امیر حمزہ
(C) طلسم ہوش رباء (D) فسانۂ عجائب

**284.** مشہور داستاں ''رانی کیتکی کی کہانی'' کے ہیرو کا نام کیا ہے؟

(A) شہزادہ بے نظیر (B) کنور اودے بھان
(C) شہزادہ تاج الملوک (D) شہزادہ مہر افروز

**285.** فسانۂ آزاد کے سب سے مزاحیہ کردار کا نام کیا ہے؟

(A) میاں آزاد (B) میر صاحب
(C) میاں خوجی (D) میاں رند

**286.** اردو کے پہلے سفر نامے کا نام کیا ہے؟

(A) سفر ایران (B) عجائبات فرنگ
(C) مسافران لندن (D) سفر نامۂ روم اور مصر و شام

**287.** سید انشاء اللہ خاں انشاء کی کتاب ''دریائے لطافت'' کا موضوع کیا ہے؟

(A) داستاں نویسی (B) لسانیات
(C) تنقید (D) قواعد نویسی

**288.** کس ڈرامہ نگار نے نظیر اکبر آبادی کی شاعری اور زندگی کو ڈرامہ کی حیثیت سے پیش کیا؟

(A) آغا حشر کاشمیری (B) امتیاز علی تاج
(C) حبیب تنویر (D) ڈاکٹر محمد حسن

**289.** ترقی پسند تحریک کے آغاز سے قبل اردو ناولوں میں کون سا میلان موجود تھا؟

(A) حقیقت پسندی (B) روایت پسندی
(C) ادب برائے زندگی (D) رومانیت

**290.** منشی پریم چند کی پہلی کہانی کا نام کیا ہے؟

(A) دنیا کا سب سے انمول رتن
(B) سوز وطن
(C) بازار
(D) گوشۂ عافیت

**291.** انیس اور دبیر کے امتیازات شعری کو شبلی نعمانی نے کس کتاب میں درج کیا ہے؟

(A) موازنۂ انیس و دبیر (B) شعر العجم
(C) علم الکلام (D) الغزالی

**292.** ڈاکٹر زور نے محمد غوری کی فتح دہلی سے ولی کی وفات تک کے عرصے کا تحقیقی جائزہ کس کتاب میں پیش کیا ہے؟

(A) دکنی ادب کی تاریخ (B) اردو شہ پارے
(C) مرقع سخن (D) سرگذشتہ حاتم

**293.** ''نذیر احمد کی کہانی ،کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' کو ادب کی کس صنف کا درجہ حاصل ہے؟

(A) سوانح نگاری (B) سفر نامہ نگاری
(C) خاکہ نگاری (D) مراسلہ نگاری

**294.** نثری صنف کے اعتبار سے ''یادوں کی برات'' کو کس صنف نثر کا درجہ حاصل ہے؟

(A) سوانح نگاری (B) خاکہ نگاری
(C) خود نوشت سوانح (D) سفر نامہ نویسی

**295.** ''یادگار غالب'' کو حالی کی کس قسم کی نثری تحریر کا درجہ حاصل ہے؟

(A) رپورتاژ (B) خاکہ
(C) سوانح (D) آپ بیتی

**296.** شمس الرحمن فاروقی کو کس قسم کے نقاد کی حیثیت سے شہرت حاصل ہے؟

(A) فطری نقاد (B) جدید نقاد
(C) ہیئتی نقاد (D) متنی نقاد

**297.** حالی اور شبلی کی تنقید کو کون سی تنقید کا درجہ دیا جاتا ہے؟

(A) ترقی پسند تنقید (B) روایت پسند تنقید
(C) جمالیاتی تنقید (D) سائنٹفک تنقید

**298.** احمد نگر جیل میں لکھے گئے خطوط کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

(A) اوراق مصور (B) اعتبار نظر
(C) غبار خاطر (D) سوز دروں

**299.** متنی تنقید کی انگریزی اصطلاح کیا ہے؟

(A) Comparative Criticism
(B) Realistic Criticism
(C) Romantic Criticism
(D) Texcual Criticism

**300.** ہندوستانی ڈرامائی صنف میں عصر حاضر کی سب سے مشہور صنف کون سی ہے؟

(A) One Act Play
(B) Silent Play
(C) Street Play
(D) Bookish Play